معاشرے کی عکاسی اور حق کی صدا بلند کرنیوالا کثیر الاشاعت منفرد قومی اخبار
ABC CERTIFIED
DAILY KHABARGEER ISLAMABAD
روزنامہ خبرگیر اسلام آباد
Daily KHABARGEER
ایڈیٹر: محمد تنویر کھوکھر

معاشرے کی عکاسی اور حق کی صدا بلند کرنیوالا کثیر الاشاعت منفرد قومی اخبار
ABC CERTIFIED
DAILY KHABARGEER ISLAMABAD
روزنامہ خبرگیر اسلام آباد
Daily KHABARGEER
ایڈیٹر: محمد تنویر کھوکھر

وفاقی محکموں کیخلاف شکایات کا انبار، وفاقی محتسب ایسوسی ایٹ ایڈوائزر کی کھلی کچہری

واپڈا، سوئی گیس اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کیخلاف شکایات کا انبار، ایک سو سے زائد شکایات کو موقع پر ہی نمٹا دیا گیا

خواجہ سیف الرحمان نے کہا کہ ستمبر کے مہینے کے دوران ایبٹ آباد ریجن میں ہم نے آٹھ سو پچاس کیسز ہم نے نمٹائے ہیں

ہری پور (چیف رپورٹر) وفاقی محکموں کے خلاف شکایات سننے کے لیے وفاقی محتسب ایسوسی ایٹ ایڈوائزر ریجنل ہیڈ ایبٹ آباد خواجہ سیف الرحمان کی واپڈا سب ڈویژن آفس بالاڈھیر میں کھلی کچہری، واپڈا، سوئی گیس اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خلاف شکایات کا انبار لگ گئے، ایک سو سے زائد شکایات کو موقع پر ہی نمٹا دیا گیا، عوام اظہار اطمینان۔ گزشتہ روز وفاقی محتسب کے ریجنل ہیڈ ایبٹ آباد خواجہ سیف الرحمان نے واپڈا سب ڈویژن آفس بالاڈھیر میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں سینکڑوں مرد و خواتین نے مختلف مرکزی محکموں کے خلاف اپنی اپنی شکایات جمع کروائیں جن میں سے بیشتر شکایات کو موقع پر ہی نمٹا دیا گیا اس موقع پر ایس ڈی او واپڈا ایاز خان اور سپرنٹنڈنٹ محمد (باقی صفحہ 7 نمبر 7)



ہری پور۔ وفاقی محتسب ریجنل ہیڈ خواجہ سیف الرحمان بالاڈھیر کھلی کچہری میں عوامی شکایات سن رہے ہیں